DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس کراچی
بدھ 18 محرم الحرام 1444ھ 17 اگست 2022ء

ٹاول ایکسپورٹنگ انڈسٹری نئے برآمدی معاہدے طے کرنے سے ہچکچانے لگی

کراچی (رپورٹ / احتشام مفتی) مقامی ٹاول ایکسپورٹنگ انڈسٹری امریکی ڈالر، یورو کرنسی، پاؤنڈ اسٹرلنگ سمیت دیگر غیر ملکی کرنسیوں کی قدر میں تسلسل سے کمی کے باعث نئے برآمدی معاہدے طے کرنے سے ہچکچانے لگ گئی ٹاولز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے سینٹرل چیئرمین کاشف چاؤلہ نے شرح مبادلہ میں اتار چڑھاؤ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس قسم کے حالات کسی بھی ملک کی معیشت کے لیے نقصان دہ ہے کیونکہ سرمایہ کار معیشت کی نمو کے لیے بڑے قدم اٹھانے سے ہچکچاتے ہیں اور ساتھ ہی ملک میں صنعت کاری کے لیے بھی رکاوٹ بنتے ہیں۔ زرمبادلہ کی قدر میں بہت زیادہ تغیر وفاقی حکومت کی طرف سے مقررہ برآمدی ہدف کے حصول میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔